# با معاوضہ رخصتِ علالت: ملازمین کیلئے کن باتوں کا جاننا ضرورت ہے

نیو یارک شہر کے ارنڈ سِک ٹائم ایکٹ New York City's Earned Sick Time Act (Paid Sick Leave Law) (پیڈ سِک لِیو لاء) کے تحت باقاعدہ(کورڈ) ملازمین کو یہ حق حاصل ہے کہ اپنی یا اپنے خاندان کے کسی فرد کی دیکھ بھال یا علاج معالجے کے لئے رخصت علالت (سِک لِیو) کا استعمال عمل میں لا ئیں۔

یہ شیٹ ڈیپارٹمنٹ آف کنزیومر افئیرز (DCA) نے قانون کے تحت حاصل حقوق کے سلسلے میں ملازمین کی رہنمائ کے لئے مرتب کی ہے۔ قانون سے متعلق باربار پوچھے جانے والے سوالات کے مطالعہ کے لئے **nyc.gov/PaidSickLeave** ملاحظہ فرمائیے۔

## قانون کے تحت کورڈ اور نان کورڈ ملازمین

| کورڈ | نان کورڈ |
|---|---|
| • کل وقتی ملازمین<br>• جز وقتی ملازمین<br>• ٹرانزیشنل جاب پروگرام کے ملازمین<br>• غیر دستاویزی ملازمین<br>• ملازمین جو خاندان کا حصہ ہیں لیکن مالک نہیں<br>• ملازمین جو نیویارک شہر سے باہر رہتے ہیں<br><br>**ملازمین سال میں 80 سے زائد گھنٹے نیویارک شہر میں کام کے حامل ہوں**<br><br>**پُشت پر دیکھئے "گھریلو ملازمین" سیکشن۔** | • ملازمین جونیوارک شہر میں سال میں 80 گھنٹے یا کم ملازمت کرتے ہیں<br>• فیڈرل ورک سٹڈی پروگرام کے طلباء<br>• ملازمین جن کے کام کی تلافی مستند سکالرشپ پروگرام سے ہوتی ہے<br>• سرکاری ایجنسیوں کے ملازمین<br>• فزیکل تھراپسٹ، اکوپیشنل تھراپسٹ، سپیچ لینگویج پیتھالوجسٹ، آڈیالوجسٹ جو کہ نیویارک سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن سے لائسنس یافتہ ہوں<br>*یہ پیشہ وران قانون کے مطابق کورڈ نہیں شمار ہوتے اگر اپنی مرضی سے کام کے لئے طلب کئے جائیں، اپنے کام کا شیڈول خود ترتیب دیں، کسی ملنے والے کام کو مرضی سے قبول یا مسترد کرنے کی پوزیشن میں ہوں، اور فی گھنٹہ کے حساب سے اوسط تنخواہ وصول کرتے ہوں جو وفاقی سطح کی کم ترین تنخواہ سے کم از کم چار گنا زائد ہو۔*<br>• آزاد ٹھیکدار جو New York State Labor Law (نیویارک سٹیٹ لیبر لاء) کی رُو سے ملازم کی تعریف پر پورا نہیں اترتے (ملاحظہ کیجئیے **labor.ny.gov** میں Independent Contractors)<br>• نیویارک اکسپیرئینس پروگرام کے شرکاء (WEP)<br>• کچھ ملازمین اجتماعی بارگین ایگریمنٹ سے مشروط ہوتے ہیں<br>• |

***نوٹ:*** اگر آپکے آجر کوئ ایسی پالیسی رکھتے ہوں جس کے تحت رخصتِ علالت کی اجازت ہوتو ایسی پالیسی کو قانونی تقاضوں کے مطابق یا ان سے ذیادہ ہونا چاہئیے۔

## حقوق ملازم کا نوٹس

| ملازم | ملازم کے ذمے تاریخ والا نوٹس |
|---|---|
| نیا<br>پہلی ملازمت یکم اپریل 2014 یا اسکے بعد | ملازمت کے پہلے دن |
| موجودہ<br>یکم اپریل 2014 سے قبل ہی آجر کی ملازمت کرنے والا | یکم مئ 2014 |

اگر آپ ایک کورڈ ملازم ہیں، تو آپکے آجر کو چاہئے کہ بہر صورت آپکو رخصت علالت کا تحریری نوٹس دے۔ انگریزی میں، یا اگر DCA کی ویب سائیٹ پر ہو تو آپکی اپنی زبان میں، نوٹس آپ کا حق ہے۔ **نوٹس کی کاپی سنبھال کر رکھیں۔**

## رخصت علالت کی مقدار **(پشت پر دیکھئے "گھریلو ملازمین" سیکشن، اگر لاگو ہو تو)**

| آجر کے بھرتی کردہ ملازمین | سال میں رخصت علالت کی مقدار* | معاوضے یا بغیر معاوضے کی رخصت علالت | تنخواہ کی شرح |
|---|---|---|---|
| 5 یا ذیادہ | 40 گھنٹے تک | با معاوضہ | گھنٹے کے حساب سے باقاعدہ ریٹ لیکن 8 ڈالر فی گھنٹہ سے کم نہیں (کم سے کم اجرت) |
| 1 سے 4 | 40 گھنٹے تک | بغیر معاوضہ | اطلاق نہیں |

*نوٹ: سال سے مراد ہے کوئ سا باقاعدہ اور بالترتیب 12 ماہ کا دورانیہ جس کا تعین کسی آجر نے کیا ہو۔ حقوق ملازم کے نوٹس میں آجر کے سال کا ذکر لازماً ہونا چاہئے۔

## رخصت علالت کی اضافہ پزیری اور استعمال – اہم تواریخ **(پشت پر دیکھئے "گھریلو ملازمین" سیکشن، اگر لاگو ہو تو)**

| اضافہ کی شرح | تاریخ جس سے اضافہ شروع ہو رہا ہے | تاریخ جس پر رخصت علالت دستیاب ہوگی |
|---|---|---|
| ہر 30 گھنٹے پر ایک گھنٹہ | یکم اپریل 2014 (موجودہ ملازم) | 30 جولائ 2014 (موجودہ ملازم) |
| | ملازمت کا پہلا دن (نیا ملازم) | ملازمت کے پہلے دن کے 120 دن بعد (نیا ملازم) |

*استثنیٰ:* اگر آپ کسی ایسے اجتماعی بارگیننگ ایگریمنٹ کی بنیاد پر کور ہیں، جو یکم اپریل 2014 سے لاگو تھا تو آپکی رخصت علالت سٹی لاء کے تحت ایگریمنٹ کی اختتامی تاریخ سے اضافہ پزیر ہوگی۔

**ان تمام ددستاویزات کی نقول محفوظ رکھیں جن سے آپکی رخصت علالت، اسکے اضافے اور استعمال کی تصدیق ہوتی ہو۔**

## رخصت علالت کے لئے قابل قبول وجوہات

آپ اس وقت رخصت علالت استعمال کر سکتے ہیں جب:

- آپ ذہنی یا جسمانی بیماری کا شکار ہوں، زخمی ہوں یا صحت کی مخدوش حالت میں ہوں، آپکو ذہنی یا جسمانی بیماری، زخم یا صحت کی حالت کی تشخیص، دیکھ بھال یا علاج کی ضرورت ہو، یا آپ حفظان صحت کے لئے طبی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔
- آپکو خاندان کے کسی فرد کی ذہنی یا جسمانی بیماری، زخم یا صحت کی حالت کی تشخیص، دیکھ بھال یا علاج بہرصورت کروانا ہو یا ان کی صحت کے لئے طبی سہولت حاصل کرنی ہو ۔
- عوامی صحت کی ایمرجنسی کی صورت میں آپکے آجر کو کاروبار بند کرنا پڑے یا آپ کو ایسے بچے کی دیکھ بھال کرنی پڑے جس کا سکول یا چائلڈ کئیر پرووائیڈر عوامی صحت کی ایمرجنسی کی وجہ سے بند ہو۔

قانون کی رو سے درج ذیل اشخاص خاندان کے افرادشمار ہوتے ہیں: بچہ، پوتا، شریک حیات، گھریلو پارٹنر، والدین، والدین کے ماں باپ، کسی ملازم کے/کی شریک حیات یا گھریلو پارٹنر کے بچے یا والدین، اولاد (بشمول ادھوری، لے پالک یا سوتیلی اولاد)۔

## ایڈوانس نوٹس

اگر ضرورت آشکارہ ہو تو آپکا آجر رخصت علالت سے متعلق آپکے ارادہ کا نوٹس سات دن قبل تک (مانگ) سکتا ہے۔ اگر ضرورت غیر آشکارہ ہو تو آپ کا آجر ممکنہ حد تک جلد از جلد نوٹس مانگ سکتا ہے۔آپ کا آجر اس بات کا تحریری ثبوت بھی طلب کر سکتا ہے کہ رخصت علالت مجوزہ مقاصد کے لئے ہی استعمال کی گئ۔

## دستاویزکاری

متواتر تین دن تک رخصت علالت حاصل کرنے کی صورت میں آپ کا آجرطبی سہولیات کے کسی مستندفراہم کنندہ کی دستاویزات مانگ سکتا ہے۔
Paid Sick Leave Law (بامعاوضہ رخصت علالت کا قانون) آجر کو اس بات کی اجازت نہیں دیتا کہ وہ طبی سہولیات کے فراہم کنندہ سے رخصت علالت کی وجوہات مانگے ۔ ان وجوہات کا افشاں دیگر قوانین کے تحت مانگا جا سکتا ہے۔

## غیر مستعمل رخصت علالت

آپ 40 گھنٹے تک کی رخصت علالت اگلے سال میں لے جا سکتے ہیں۔ تاہم آپ کا آجر آپکو سال میں 40 گھنٹے تک کی رخصت علالت دینے کا ہی پابند ہے۔

## بدلہ

آپکا آجر رخصت علالت کی درخواست یا استعمال پر آپکو انتقامی کاروائی کا نشانہ نہیں بنا سکتا۔ انتقامی کاروائ میں شامل ہیں: دھمکی، نظم و ضبط، اخراج، تنزلی، معطلی، گھنٹوں میں کمی یااس قانون کے تحت حاصل شدہ اختیار استعمال کرنے کی کوشش کی پاداش میں آپکے خلاف دیگر کوئ کاروائ۔

## شکایات

آپ DCA کے پاس شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ شکایات فارم حاصل کرنے کے لئے **nyc.gov/PaidSickLeave** آن لائن حاصل کریں یا **311** (212-NEW-YORK outside NYC) پر رابطہ کریں۔

DCA آپکی درخواست پر ثالثی کے لئے تحقیقات اور آپکے آجر کیساتھ مل کر کام کریگی۔ DCA آپکی شناخت خفیہ رکھے گی تاآنکہ تحقیقات کے لئے، شکایت پرثالثی کے لئے یا قانونی تقاضوں کیلئے اس کا افشاں ضروری ہو جائے۔

**گھریلو ملازمین**

درج ذیل معلومات سٹی لاء کے تحت گھریلو ملازمین کی رخصت علالت کی مقدار، اضافہ اور استعمال کے بارے میں ہے۔ یہ رخصت اس تین یوم آرام کے علاوہ ہے جو آپکو نیویارک سٹیٹ لیبر لاء کے تحت حاصل ہے۔ ***labor.ny.gov*** پر جاکر *Domestic Workers' Bill of Rights* ملاحظہ فرمائیے۔ اس شیٹ پر دیگر تمام معلومات آپ پر لاگو ہیں۔

| سال میں رخصت علالت کی مقدار | با معاوضہ یا بلا معاوضہ | تنخواہ کی شرح |
|---|---|---|
| 2 days | بامعاوضہ | باقاعدہ گھنٹوں کی شرح سے لیکن 8 ڈالر سے کم نہیں (مروجہ کم سے کم شرح) ۔ ***labor.ny.gov*** پر جاکر Minimum Wage ڈھونڈئیے۔ |

| اضافے کی شرح | اضافہ ہونے کی تاریخ | تاریخ جس پر رخصت علالت دستیاب ہو گی |
|---|---|---|
| ایک سالہ ملازمت پر 2 دن | nyc.gov/PaidSickLeave پر DCA رہنمائ فراہم کرے گی | nyc.gov/PaidSickLeave پر DCA رہنمائ فراہم کرے گی |

**سوالات؟** DCA سے رابطہ کے لئے **nyc.gov/PaidSickLeave**ملاحظہ کریں، **PaidSickLeave@dca.nyc.gov** پر ای میل کریں یا 311 پر کال کر کے بامعاوضہ رخصت علالت کے بارے میں استفسار کریں۔